# تعارف وتبصرۂ کتب

## تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : تاریخ وتذکرہ (خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ)

مصنف : محمد نذیر رانجھا

ضخامت:560 صفحات ...... قیمت:250 روپے

ملنے کے پتے: ☆ مرکز سراجیہ' اکرم پارک' غالب مارکیٹ' گلبرگ III' لاہور

☆ خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ کندیاں' ضلع میانوالی

ضلع میانوالی میں کندیاں کے مقام پر خانقاہ سراجیہ کے نام سے روحانی تربیت کا ایک مرکز ہے' جس کے حسن انتظام کی دُور دُور تک شہرت ہے۔ یہاں سلسلۂ نقشبندیہ کے طریق پر تزکیۂ نفس کی منازل طے کرائی جاتی ہیں۔ متعلقین کے مطابق یہاں تربیت کے مراحل میں شرع محمدیؐ کی تعلیمات کو ہمہ وقت پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ سلسلۂ نقشبندیہ کی اس روحانی درس گاہ کی مکمل تاریخ' کوائف اور یہاں سے فیض حاصل کرنے والے علماء ومشائخ کا ذکر نہایت خوبصورت انداز میں اس کتاب کے اندر جمع کر دیا گیا ہے۔

کتاب کے مصنف اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ذوق ادب سے مالا مال ہیں۔ کئی کتابوں کے مصنف اور بزرگانِ دین کے عقیدت مند ہیں۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے بڑی کاوش سے معلومات اکٹھی کی ہیں اور بڑے سلیقے سے قارئین کے لئے یکجا کر دی ہیں۔

کتاب کے آغاز میں تین وصل ہیں' پھر چار ابواب۔ پہلے باب میں گیارہ' دوسرے باب میں آٹھ' تیسرے باب میں چھ اور چوتھے باب میں چار فصول ہیں۔

اس خانقاہ کی بنیاد ۱۹۲۰ء۔۱۹۲۲ء میں حضرت مولانا ابوالسعد احمد خانؒ نے رکھی۔ اپنے شیخ حضرت خواجہ محمد سراج الدینؒ کے نام پر اس کا نام خانقاہ سراجیہ رکھا۔ اُس وقت سے لے کر آج تک اس خانقاہ کا انتظام وانصرام بڑے جلیل القدر علماء ومشائخ کے ہاتھوں میں رہا

© rasailojaraid